علاوہ سید محمد رابع حسنی ندوی' سید جلال الدین عمری' سید ابوالحسن علی حسنی ندوی' سید ابوالاعلیٰ مودودی' برہان الدین سنبھلی اور حافظ حفیظ الرحمٰن اسعد عمری مدنی جیسے اعاظمِ رجال شامل ہیں۔

ذکریٰ جدید کے اس خصوصی شمارے کا مطالعہ تمام پڑھے لکھے مسلمانوں کو کرنا چاہیے تاکہ وہ باطل کی طرف سے تنقید کا نشانہ بننے والے موضوعات کے متعلق اصل حقائق سے آگاہ ہو سکیں اور اپنے ناواقف مسلمان بھائیوں اور دوسرے غیر مسلم افراد تک' جو بات سمجھنے کا ارادہ رکھتے ہوں' یہ تحریریں پہنچا سکیں۔ حق تو یہ ہے کہ ذکریٰ جدید کا یہ خصوصی شمارہ اسلام کے خاندانی نظام پر ایک جامع دستاویز ہے۔

ادارہ ''حکمت قرآن'' نے ''ذکریٰ جدید'' کا یہ خصوصی شمارہ محدود تعداد میں انڈیا سے منگوایا ہے۔ اسے حاصل کرنے کے لیے خواہش مند حضرات 70 روپے (پاکستانی) پروفیسر محمد یونس جنجوعہ کے نام بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں' انہیں یہ شمارہ رجسٹرڈ ڈاک سے ارسال کر دیا جائے گا۔

(۲)

نام کتاب : معلم لغة القرآن

مصنف : سید اعجاز حیدر

ضخامت : 288 صفحات ۔ قیمت:180 روپے

ملنے کا پتہ: دار التذکیر' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار لاہور

عربی ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی زبان ہے۔ قرآن مجید بھی عربی زبان میں ہے۔ اہل جنت کی زبان بھی عربی ہوگی۔ اسلامی تعلیمات سے واقف ہونا ہر مسلمان کے لیے لازم ہے۔ اسلامی تعلیمات کا سرچشمہ اوّل قرآن مجید ہے۔ لہٰذا قرآن کو سمجھنے کے لیے عربی زبان سے واقفیت ضروری ہے۔ عربی سکھانے والی سینکڑوں کتابیں بازار میں موجود ہیں۔ ہر مصنف نے کوشش کی ہے کہ آسان سے آسان انداز میں عربی سکھانے کا اہتمام کیا جائے۔ چنانچہ اسی جذبہ کے تحت یہ کتاب معلم لغۃ القرآن لکھی گئی ہے' جس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں سمجھانے کے لیے تمام مثالیں قرآنی الفاظ و آیات سے لی گئی ہیں۔ مصنف نے بڑے سلیقے کے ساتھ اسباق کو ترتیب دیا ہے اور ہر قاعدہ سکھانے کے بعد مثالوں کے ذریعے اس کی مشق کرائی گئی ہے۔ ہر سبق کے آخر میں عربی سے اردو اور اردو سے عربی ترجمے کے لیے جملے دیے گئے ہیں۔ سادہ اندازِ تفہیم کی وجہ سے اس کتاب سے فائدہ اٹھانے والے دلچسپی کے ساتھ اسباق میں آگے بڑھتے جائیں گے اور لگاتار محنت کرنے والے گوہر مقصود حاصل کر لیں گے' یعنی قرآن مجید کی آیات کا مطلب سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے۔

کتاب کے اخیر میں نماز کا ترجمہ صرفی نحوی ترکیب کے ساتھ درج کیا گیا ہے۔ ضمیمے کے طور پر تصریف الافعال کے کچھ جدول بھی دیے گئے ہیں جن میں ان افعال کی صرف کبیر دی گئی ہے جو قرآن مجید میں استعمال ہوئے ہیں۔ قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنے کی خواہش رکھنے والوں کے لیے یہ ایک اچھی کتاب ہے۔

(۳)

نام کتاب : باپ
مصنف : ڈاکٹر کیپٹن غلام سرور شیخ
ضخامت : 280 صفحات ۔ قیمت : درج نہیں
ملنے کا پتہ: صغرا تاج پبلشرز' 17۔سی گلفشاں کالونی' جھنگ روڈ' فیصل آباد

ڈاکٹر کیپٹن غلام سرور شیخ فیصل آباد کی معروف شخصیت ہیں۔ اپنا کلینک چلاتے ہیں' مگر اپنے ادبی اور علمی ذوق کی تسکین کے لیے دینی واخلاقی کتب کا مطالعہ اور تصنیف و تالیف اُن کا دل پسند مشغلہ ہے۔ ''باپ'' اُن کی تیسری کتاب ہے۔ اس سے پہلے وہ اپنے سفرِ حج کے تأثرات ''تکمیل آرزو'' کے نام سے کتابی شکل میں شائع کر چکے ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے ''ذکرِ ماں'' کے عنوان سے بڑی تحقیقی اور معلوماتی کتاب لکھ کر اپنی والدہ مرحومہ کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ والدین کی محبت نے ان کے ہاتھ میں قلم تھما دیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے:

باب اوّل : قرآن حکیم اور باپ

باب دوم : فرامین رسالت مآب ﷺ اور باپ

باب سوم : سنہری اور یادگار تحریریں

باب چہارم : شاعری اور باپ

حیرت ہوتی ہے کہ ڈاکٹر صاحب اپنی بھرپور مصروفیت سے اس قدر وقت نکال لیتے ہیں کہ نہ صرف ذوقِ مطالعہ کی تشفی کرتے ہیں' بلکہ حاصلِ مطالعہ کو کتاب کی صورت دے کر دوسروں تک پہنچانے کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔ ۲۸۰ صفحات پر مشتمل ڈاکٹر صاحب کی یہ کتاب جہاں قارئین پر باپ کے مقام و مرتبہ کا احساس اجاگر کرے گی وہاں نوجوانوں کے دل میں والدین کی خدمت کا جذبہ بھی پیدا کرے گی۔ ڈاکٹر صاحب کا اندازِ تحریر سادہ' برجستہ اور مؤثر ہوتا ہے۔ باپ کے بارے میں جس قدر قیمتی معلومات اس کتاب میں جمع کر دی گئی ہیں شاید وہ کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں۔ باپ کے عنوان سے یہ کتاب پڑھنے کے قابل ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کتاب جلدی میں شائع کی گئی ہے اور پروف